AQA

# GCSE URDU

# H

Higher Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Wednesday 13 May 2020 Afternoon Time allowed: 45 minutes approximately (including 5 minutes' reading time before the test)

| FOR INVIGILATOR'S USE ONLY |
|---|

- **The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.
- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A**, answer the questions in **English**. In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- You must answer **all** the questions in the spaces provided. Do not write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the recording has started, the invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

*If candidates ask any questions at this point, the invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

## Section A

Questions and answers in **English**.

**0 1**

M1 فاسٹ فوڈ امریکہ میں شروع ہوا تھا۔ یہ جلد تیار ہو جاتا ہے۔ اس میں استعمال ہونے والے گوشت میں موجود چربی غیر صحت بخش ہونے کے باوجود فاسٹ فوڈ کو بے حد لذیذ بناتی ہے۔

**0 2**

F2 فاسٹ فوڈ کے مقابلے میں صحت بخش کھانے زیادہ بہتر ہوتے ہیں کیونکہ یہ جسم کو خوبصورت بنانے کے علاوہ جسمانی طاقت بھی مہیا کرتے ہیں۔ یہ کھانے عام طور پر مہنگے ہوتے ہیں اور ان کو پکانے میں بھی کافی وقت لگتا ہے۔

**0 3**

M1 میرے دوست فٹ بال کھیلنے میں دلچسپی رکھتے ہیں لیکن مجھے بچپن ہی سے کرکٹ کھیلنے کا بہت شوق رہا ہے۔

F1 میری سہیلیوں کو باہر گھومنا پھرنا پسند ہے لیکن میرے لیے اپنی پڑھائی پر توجہ دینا اور امتحان میں کامیابی حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔

F2 میں اپنا فیشن ڈیزائنر کا کاروبار شروع کرنے جا رہی ہوں۔ میں چاہتی ہوں کہ اس طرح کے لباس تیار کروں جو ہو سکتا ہے کہ ہر کسی کو پسند نہ آئیں لیکن لوگ انہیں کم قیمت پر خرید سکیں۔

**0 4**

F1 آپ کے خیال میں پچھلے سالوں میں لاہور شہر میں لوگوں کے لیے کیا مشکلات پیدا ہوئی ہیں؟

F2 لاہور شہر میں لوگوں نے دکانیں بنا کر گلیاں اور سڑکیں اتنی تنگ کر دی ہیں کہ لوگوں کا گزرنا مشکل ہو گیا ہے۔ انہیں ٹریفک میں چلنا پڑتا ہے۔ ٹریفک کا شور اور دھواں بہت زیادہ ہے۔ شہر میں جگہ جگہ کوڑے کے ڈھیر جمع ہیں۔

F1 آپ کے خیال میں آئندہ اس کی وجہ سے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟

F2 ٹریفک کے بہت زیادہ دھوئیں اور شہر میں کوڑے کے ڈھیروں کی وجہ سے عوام میں بیماریاں پھیلنے کا خطرہ ہے۔

**0 5**

M1 مجھے تو آج کل کے گانے بالکل ہی سمجھ نہیں آتے کیونکہ ان کے کوئی معنی نہیں ہوتے بس شور ہی شور ہوتا ہے۔

**0 6**

F1 مجھے پرانے زمانے کی موسیقی بے حد پسند ہے اس لیے میں پرانی رومانوی فلموں کے گانے جمع کرتی رہتی ہوں۔

**0 7**

F1 ہاجرہ، تم ٹیلی ویژن پر کون سے پروگرام دیکھنا پسند کرتی ہو؟

F2 پہلے میں اپنے فارغ وقت میں پیار محبت والی فلمیں دیکھتی تھی۔ جب فلم دیکھنا شروع کر لیتی تو مکمل کیے بغیر نہ اٹھتی تھی۔ لیکن آج کل میں زیادہ تر پاکستانی ڈرامے اور انگریزی فلمیں دیکھتی ہوں۔ ویسے دن میں کم از کم ایک دفعہ خبریں دیکھنا نہیں بھولتی۔ ہو سکتا ہے کہ آئندہ میں ڈراؤنی فلمیں بھی دیکھنے لگوں۔

0 8 M1 صحت مند طرز زندگی کے لیے صحت بخش غذا کھانے کے ساتھ ہر روز آدھے گھنٹے کے لیے ورزش کرنا بھی ضروری ہے۔

0 9 F1 چینی اور مکھن غیر صحت بخش اشیاء ہیں لیکن زیادہ مقدار میں گوشت کھانے سے بھی پرہیز کرنا لازمی ہے۔

1 0 F2 پاکستان میں تازہ سبزیوں اور اعلیٰ قسم کے پھلوں کی فراوانی ہے اس لیے ہمیں صحت مند رہنے کے لیے باقاعدگی سے ان کا استعمال کرنا چاہیے۔

1 1 M1 پاکستان میں غریب لوگوں کے بچوں کو اپنے خاندان کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے محنت مزدوری کرنا پڑتی ہے۔

1 2 M1 میرے والد اپنے گھر کے ملازمین کو نہ صرف اچھی تنخواہ دیتے ہیں بلکہ خاص طور پر ان کے علاج معالجے کے تمام اخراجات بھی پورے کرتے ہیں۔

1 3 M1 پاکستان کے عوام فراخ دلی سے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی اپنی توفیق کے مطابق کپڑوں، دواؤں اور روپے پیسے سے مدد کرتے ہیں۔

1 4 M1 میری کمپنی مجھے نہ صرف میرے کام کا اچھا معاوضہ دیتی ہے بلکہ کام کے اوقات میں آسانی بھی فراہم کرتی ہے۔

1 5 F1 آج کل میں ایک جدید فیشن کے ملبوسات کی کمپنی میں کام کرتی ہوں۔ ویسے میری تنخواہ کم ہے لیکن میرے مینیجر اور ساتھ کام کرنے والوں کا رویہ میرے ساتھ بہت اچھا ہے۔

1 6 M2 میں ایک کمپنی کے لیے انٹرنیٹ پر کام کرتا ہوں۔ یہ کمپنی مجھے چھٹیاں نہیں دیتی کیونکہ میرے کام کا معاوضہ روزانہ کے کام کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

| 1 | 7 | F2 | میں اپنی کمپنی کی مصنوعات کے اعلیٰ معیار، مناسب قیمتوں اور مقبولیت کی ذمہ دار ہوں۔ اچھی تنخواہ کے ساتھ ساتھ میری ملازمت کے تحفظ کی ضمانت بھی شامل ہے۔ |
|---|---|---|---|
| 1 | 8 | F1 | پاکستان میں کئی سالوں سے ری سائیکلنگ کا ایک دلچسپ نظام چل رہا ہے۔ غریب ٹھیلے والے گلیوں میں گھوم گھوم کر لوگوں کے گھروں سے استعمال شدہ چیزیں مثلاً دھات کے پرانے برتن اور ردی کاغذ وغیرہ سستے داموں خرید لیتے ہیں اور انہیں ری سائیکلنگ کرنے والی فیکٹریوں میں پہنچا دیتے ہیں۔ اس طرح یہ لوگ اپنا روزگار کمانے کے ساتھ ساتھ ماحول کی بہتری میں بھی اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ |
| 1 | 9 | F1 | شرمیلا، آپ پاکستان کے شمالی علاقوں میں سیر وسیاحت کی سہولتوں کے بارے میں کیا بتانا چاہیں گی؟ |
| | | F2 | دنیا بھر سے سیاح پاکستان کے شمالی علاقوں کی سحر انگیز خوبصورتی دیکھنے آتے ہیں۔ چند سال پہلے تک یہاں پر آنے والے سیاح پرانی سڑکوں پر سفر کرتے تھے۔ اب حکومت نے بعض علاقوں میں نئی سڑکوں اور رہائش کا اعلیٰ انتظام کر دیا ہے لیکن اس تعمیر و ترقی کا بوجھ ٹیکس ادا کرنے والے عوام پر پڑ رہا ہے۔ اس کے علاوہ سیاح واپس جاتے ہوئے اپنے پیچھے کوڑا کرکٹ بھی چھوڑ جاتے ہیں۔ |
| 2 | 0 | F1 | فرزانہ، تمہارے لیے کیا اہم ہے؟ |
| | | F2 | میرے بچے چھوٹے ہیں۔ میرے لیے یہ ضروری ہے کہ میں کوئی ایسا کام تلاش کروں جس میں شام کے وقت اور ویک اینڈ پر میں فارغ رہوں اور اپنے خاندان کو وقت دے سکوں۔<br>تمہارا کیا خیال ہے سلمہ؟ |
| | | F1 | میں گھر خریدنے کے لیے بچت کرنا چاہتی ہوں۔ حالانکہ لمبی چھٹیاں بہت ہی خوشگوار بات ہے لیکن مجھے زیادہ سے زیادہ پیسے کمانے ہیں اور بچت کرنی ہے۔ اور تم خالد؟ |
| | | M1 | میں اکیلا رہتا ہوں اس لیے میں لمبے اوقات کے لیے کام کر سکتا ہوں۔ میرے لیے اپنے ساتھیوں کے ساتھ کام پر اچھے تعلقات رکھنا اور نئے دوست بنانا نہایت اہم ہے۔ |
| 2 | 1 | M1 | لندن کے ایک بڑے اسٹور نے میرے اسکول میں اچھی کارکردگی دکھانے والے طالب علموں کے لیے کھیلوں کا بہت سارا سامان تحفے میں دیا۔ |

| 2 | 2 | F1 | میرے والد نے بیمار بچوں کے وارڈ کے لیے بہت سے کھلونے اور ایک نیا ٹیلی وژن سیٹ لے کر دیا۔ |
|---|---|---|---|
| 2 | 3 | M1 | میری امی نے اپنے محلے کے غریب بچوں کے لیے اسکول کے اخراجات کا انتظام کیا۔ |
| 2 | 4 | F1 | پچھلے مہینے میں اپنے بھائی کی شادی پر پاکستان گئی تھی۔ شادی کی تقریب مظفر آباد کے ایک ہوٹل میں تھی۔ اس ہوٹل سے باہر کا قدرتی نظارہ بے حد خوبصورت تھا جسے تمام مہمانوں نے بہت پسند کیا۔ شادی کی یہ تقریب بہت شاندار تھی۔ یہ شادی روایتی طریقے سے ہوئی اور وہاں کے علاقائی کھانے بے حد لذیذ تھے۔ اس دوران میں نے مظفر آباد کے سر سبز پہاڑوں، خوبصورت وادیوں اور دریا کی بھی سیر کی۔ |

**Turn over for Section B**

## Section B

Questions and answers in **Urdu**.

| 2 | 5 |
|---|---|

**M1** راحیلہ، تم آج کل کیا کر رہی ہو؟

**F1** میں پشاور یونیورسٹی سے سوشل ورک میں ڈگری کر رہی ہوں۔

**M1** تمہیں اس کا خیال کیسے آیا؟

**F1** مجھے لوگوں کی مشکلات دور کرنا بچپن ہی سے اچھا لگتا ہے۔ کالج میں آ کر سوشل ورکر بننے کا ارادہ کیا۔ اب میں سوشل ورک میں ڈگری لے کر مشکلات میں پھنسے ہوئے بچوں اور خاندانوں کے لیے کام کروں گی۔

| 2 | 6 |
|---|---|

**F2** میں پچھلی چھٹیوں میں اپنے خاندان کے ساتھ ترکی گئی تھی۔ وہاں کے تاریخی پرکشش مقامات دیکھے اور بحری جہاز میں سات جزیروں کی سیر سے لطف اندوز ہوئی۔
اگلے سال میرا ارادہ ہے کہ مراکش جاؤں اور وہاں کے خوبصورت آبشاروں کا نظارہ کروں۔

| 2 | 7 |
|---|---|

**F1** سوشل میڈیا کا استعمال آج کل کے نوجوانوں کا محبوب مشغلہ ہے لیکن اس میں کئی خطرات ہیں۔ اس کی وجہ سے ہونے والے نقصانات سے بچ کر رہنے کے لیے یہ انتہائی اہم ہے کہ وہ اپنا بینک اکاؤنٹ اور اپنا ذاتی فون نمبر کسی بھی سوشل میڈیا سائٹ پر نہ لگائیں۔ اس کے علاوہ کبھی بھی اپنی عمر، اپنے گھر کا پتہ، اپنی تصویر اور دیگر ذاتی معلومات کسی بھی اجنبی شخص کو نہ دیں۔

**END OF TEST**

**There is no text printed on this page**

**There is no text printed on this page**

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2020 AQA and its licensors. All rights reserved.